## سوال

کیایہ شرط ہے کہ خطیب ہی نماز پڑھائے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیایہ شرط ہے کہ جو شخص جمعہ کا خطبہ دے نماز بھی وہی پڑھائے

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمہور اہل علم کا مذہب یہ ہے کہ یہ شرط نہیں ہے کہ خطیب ہی جمعہ پڑھائے کیونکہ اس سلسلہ میں کوئی ایسی دلیل وارد نہیں ہے کہ جس کی پابندی کی جائے ہاں البتہ مالکیہ نے اس کی مخالفت کرتے ہوئے یہ شرط قرار دی ہے کہ خطیب ہی نماز جمعہ کی امامت کروائے ان کی دلیل یہ ہے کہ خطبہ نماز ہی کے ساتھ منسلک ہے لہذا کسی عذر کے بغیر قصد وارادہ سے اسے دو اماموں میں تقسیم نہیں کرنا چاہیے وباللہ التوفیق۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

# ج1ص528

محدث فتویٰ